بل

خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ 2022 میں ترامیم

جیسا کہ خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ 2022 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر XXIX آف 2022) سے مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کیلئے درج ذیل ترامیم کرنا ضروری ہیں۔

یہ درج ذیل طور پر خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی کی طرف سے نافذ کیا جاتا ہے۔

1. **مختصر عنوان اور آغاز......**

(۱) اس ایکٹ کو خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ (ترمیمی) ایکٹ، 2025 کہلایا جائے گا۔

(۲) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

2. **خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ نمبر XXIX آف 2022 کے سیکشن ۲ میں ترمیم.....**

خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ 2022 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر XXIX آف 2022) میں سیکشن ۲، شق (میم) کو حذف کیا جاتا ہے۔

3. **خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ نمبر XXIX آف 2022 کے سیکشن ۱۳ میں درجہ ذیل ترامیم کیے جاتے ہیں؛**

(الف) ذیلی دفعہ (۲) کو حذف کیا جاتا ہے۔

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں درجہ ذیل تبدیلی کی جاتی ہے؛

'(۳) صوبائی consolidated fund اور Public Account سے رقم تب تک نہیں نکالی جاسکتی جب تک محکمہ خزانہ کی طرف سے جاری اور اس کی اجازت نہ ہو'

4. **خیبر پختونخوا پبلک فنانشل منیجمنٹ ایکٹ نمبر XXIX آف 2022 کے سیکشن ۱۸ میں ترمیم......**

مذکورہ ایکٹ میں، سیکشن ۱۸ کے لئے درجہ ذیل تبدیلی کی جاتی ہے، یعنی

'۱۸. کمٹمنٹ کنٹرول سسٹم کے متعلق محکمہ خزانہ سالانہ اور کثیر سالانہ بنیادوں پر ہدایات جاری کرے گا'

5. **خیبر پختونخوا پبلک فنانشل مینجمنٹ ایکٹ نمبر XXIX آف 2022 کے سیکشن ۲۰ میں ترمیم.....**

مذکورہ ایکٹ میں، سیکشن ۲۰ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں درجہ ذیل تبدیلی کی جاتی ہے، یعنی

'(۲) محکمہ خزانہ تمام محکموں اور حکومت کا حصہ بننے والی دیگر ادارہ جاتی اکائیوں میں داخلی کنٹرول کے لئے رہنما ہدایات جاری کرے گا؛

مقاصد اور وجوہات

دوسرے صوبوں کے ساتھ قانون سازی میں یکسانیت لانے اور صوبائی کنسولیڈیٹڈ فنڈ اور پبلک اکاونٹ سے رقم نکالنے میں صوبائی حکومت کی خود مختاری کو برقرار رکھنے کے لئے خیبر پختونخوا پبلک فنانشل مینجمنٹ ایکٹ 2022 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر XXIX آف 2022) میں ترامیم کرنا ضروری ہیں.

....